رائے پور کے صوفی بزرگوں کے خاندانی وذاتی حالات کا مجموعہ ہے۔ موجودہ خلیفہ مولانا شاہ سعید احمد رائپوری صاحب سے مفتی صاحب کا سلسلہ بیعت قائم ہے، شاہ عبدالرحیمؒ سے منسوب ادارہ رحیمیہ کے لئے اپنی زندگی وقف کردی ہے۔

اس کتاب میں خانقاہ رحیمیہ رائے پور اور اس کے قدیم بڑے بزرگوں کے مختصر حالات بیان کئے گئے ہیں تاکہ لوگ ان کی علمی ودینی خدمات سے آگاہ ہوں اور ان بزرگوں کے نقش قدم پر چلتے ہوئے دنیا وآخرت سنوار سکیں۔ رائے پور سہارنپور یوپی (انڈیا) کے نزدیک ایک قصبہ ہے، جو صوفیا وعلماء کا مرکز رہا ہے۔

شاہ عبدالرحیم رائپوریؒ متوفی ۱۹۱۹ء نے چالیس سال تک رائے پور میں لوگوں کو فیضیاب کیا ان کے خلیفہ مولانا عبدلقادر رائے پوریؒ متوفی ۱۹۶۲ء نے ۴۵ سال تک اس سلسلہ کو فروغ دیا اور مذہبی رہنمائی فرمائی، موصوف نے اپنا خلیفہ مولانا عبدالعزیز رائے پوریؒ متوفی ۱۹۹۲ء کو مقرر کیا، جنھوں نے اپنا خلیفہ مولانا شاہ سعید احمد رائپوری مدظلہ کو اپنا خلیفہ ۱۹۸۸ء میں مقرر کیا، جو آج بھی لاہور میں قائم ادارہ رحیمیہ میں اصلاحی وتربیتی خدمات کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔ لاہور کے کچھ احباب سے معلوم ہوا کہ مفتی صاحب نوجوانوں کی فکری اصلاح اور معاشرتی اصلاح کے لئے کوشاں ہیں۔ جسے دو دن مہمان رہ کر خود میں نے بھی مشاہدہ کیا ہے۔ دعاء ہے اللہ تعالیٰ موصوف اور ان کے جملہ رفقاء سے دین کی خدمت لے اور اسے قبول فرمائے۔ (آمین)

آپ کی صحبت کے صدقہ نوجوان زرپرستی، خود نمائی سے نفور
شہ ولی اللہ سے وابستہ ہیں سلسلہ در سلسلہ اور باشعور

مجلّہ کا نام : (ماہنامہ) محدث، خصوصی شمارہ فتنہ انکار حدیث اگست وستمبر ۲۰۰۲ء

مدیر : حافظ حسن مدنی سرپرست حافظ عبدالرحمٰن مدنی

ناشر : مجلس التحقیق الاسلامی ماڈل ٹاؤن لاہور

قیمت وصفحات: ۲۰۰ روپے، ۲۸۰/ص